# 1172 ـ عورتوں كا بال كاٹنا

**سوال**

بعض عورتيں پيشانى كے اوپر سے كچھ بال كاٹتى ہيں، اور كچھ كونيچے لٹكتے رہنے ديتى ہيں، اس كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

اگر تو اس سے مراد كافر اور ملحد قسم كى عورتوں سے مشابہت ہو تو يہ حرام ہے؛ كيونكہ غير مسلم سے مشابہت حرام ہے اس ليے كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" جس نے بھى كسى قوم سے مشابہت اختيار كى تو وہ انہى ميں سے ہے "

ليكن اگر اس سے مقصد مشابہت نہ ہو بلكہ يہ عورتوں كے مابين ايك نئى عادت ہو، اور اگر يہ اس زينت ميں شمار ہو جس سے عورت اپنے خاوند كے ليے زينت اختيار كرتى ہے، اور اپنے جيسى اور اپنى ہم جولي اور سہيلى عورتوں كے مابين ايسے مظہر اور شكل ميں آتى ہو كہ جو اس كى قدر و منزلت ميں عورتوں كے ہاں اضافہ كرے تو ہميں اسميں كوئى حرج نظر نہيں آتا.